
حفظ الایمان

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی



دارالکتاب دیوبند

اللہ یحکم بینکم یوم القیمۃ

حفظ الایمان

مع

بسط البنان

مصنفہ
حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہ

ناشر
۲۴۷۵۵۴
دارالکتاب دیوبند یوپی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سوال :- کیا فرماتے ہیں حامیان دین و ناصران شرع متین اس بارے میں کہ زید کہتا ہے کہ سجدہ کی دو قسم ہیں۔ تعبدی اور تعظیمی۔ تعبدی اللہ تعالےٰ کے ساتھ مختص ہے اور تعظیمی کسی کے ساتھ مختص نہیں۔ لہٰذا تعظیماً سجدۂ قبور جائز ہے۔ اور کہتا ہے کہ طواف قبور جائز ہے دلیل جواز حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی کا مقولہ ہے۔ انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ صفحہ نمبر ۱ سطر ۱۲ بیان ذکر کشف قبور فرماتے ہیں وبعدہ ہفت کرۃ طواف کند و در آں تکبیر بخواند آغاز از راست کند بعدہ طرف پایاں رخسارہ نہد انتہیٰ اس سے طواف اور سجدہ اور بوسہ قبور سب کچھ جائز ہو گیا اور کہتا ہے کہ علم غیب کی دو قسمیں ہیں۔ بالذات، اس معنی کر عالم الغیب خدا تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں ہو سکتا اور بواسطہ، اس معنی کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عالم الغیب تھے زید کا یہ استدلال اور عقیدہ و عمل کیسا ہے؟ بینوا توجروا!

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جواب :- سوال اوّل ظاہراً سجدہ تعظیمی سے مراد سجدۂ تحیہ ہے اس

رہا یہ کہ جس جگہ عمل نقل کیا جاوے وہاں ہی انکار ہو یہ کوئی ضروری نہیں خود قرآن مجید میں بہت جگہ کفار کے اقوال و عقائد نقل کئے ہیں اور دوسری آیات میں انکار فرما دیا گیا ہے رہا سجدہ اور بوسہ اول تو اس عبارت میں اس کا پتہ نہیں سجدہ کے معنی ہیں پیشانی نہادن بر زمین اور بوسہ کے معنی ہیں لب نہادن بر چیزے اور رخسارہ نہادن کسی کے بھی معنی نہیں قطع نظر اس سے تقریر مذکور میں اسکا بھی جواب ہو گیا کہ بیان خاصیت دلیل جواز نہیں فافہم ولا تزل واللہ اعلم۔ فقط

جواب سوال سوم :- مطلق غیب سے مراد اطلاقات شرعیہ میں وہی غیب ہے جس پر کوئی دلیل قائم نہ ہو اور اس کے ادراک کے لئے کوئی واسطہ اور سبیل نہ ہو اسی بنا پر لا یعلم من فی السمٰوٰت والارض الغیب الا اللہ۔ اور لو کنت اعلم الغیب۔

وغیرہ فرمایا گیا ہے اور جو علم بواسطہ ہو اس پر غیب کا اطلاق محتاج قرینہ ہے تو بلا قرینہ مخلوق پر علم غیب کا اطلاق موہم شرک ہونے کیوجہ سے ممنوع و ناجائز ہو گا قرآن مجید میں لفظ راعنا کی ممانعت اور حدیث مسلم میں عبدی و امتی و ربی کہنے ۔سے نہیں۔ اسی وجہ سے وارد ہے، اس لئے حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر علم الغیب کا اطلاق جائز نہ ہو گا اور اگر ایسی تاویل سے ان الفاظ کا اطلاق جائز ہو تو خالق اور رازق وغیرہما